**14.06.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ........................ آسیہ میمونہ

**Music**

☆ وزیر اعظم نریندر مودی کل قبرص ، کناڈا اور کروشیا کے پانچ روزہ دورے پر روانہ ہوں گے۔

☆ سرکار نے احمد آباد ہوائی حادثے کی چھان بین کیلئے متعدد ماہرین پر مشتمل اعلیٰ سطح کی ایک کمیٹی قائم کی ہے۔ حادثے میں 254 افراد کی جانیں تلف ہوگئی تھیں۔

☆ کیلاش مان سرودر یاترا اِس مہینے کی 20 تاریخ سے شروع ہوگی۔ یاتریوں کا پہلا جتھا کل Gangtok پہنچے گا۔

☆ اسرائیل نے یروشلم اور تل ابیب میں میزائلوں سے جوابی حملہ کیا ہے۔ ایک شخص کے ہلاک اور 20 سے زیادہ کے زخمی ہونے کی اطلاع ملی ہے۔

☆ اسرائیل کے ساتھ بڑھتی ہوئی کشیدگی کے مدنظر ایران نے امریکہ کیساتھ ایٹمی بات چیت سے علیحدگی اختیار کرلی ہے۔

☆ بھارت کی، سُروچی سنگھ نے، میونخ میں ISSF عالمی کپ کے، خواتین کے 10 میٹر ایئر پسٹل مقابلے میں سونے کا تمغہ جیتا ہے۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**PM-VISIT**

وزیراعظم نریندر مودی کل قُبرص، کینیڈا اور کروشیا کے پانچ روزہ دورے پر روانہ ہوں گے۔ قُبرص کے صدر Nikos Christoduolides کی دعوت پر وزیراعظم مودی کل قبرص کا سرکاری دورہ کریں گے۔ گزشتہ دو دہائی میں بھارتی وزیراعظم کا قبرص کا یہ پہلا دورہ ہوگا۔ Nicosia میں وزیراعظم، قبرص کے صدر سے گفتگو کریں گے اور Limassol میں کاروباری رہنماؤں سے بھی خطاب کریں گے۔ اس دورے سے دونوں ملکوں کے درمیان باہمی تعلقات کو گہرا کرنے اور بحیرۂ روم خطے اور یوروپی یونین کے ساتھ بھارت کی مصروفیات کو مستحکم کرنے کے بھارت کے مشترک عہد کی توثیق ہوگی۔

اپنے دورے کے دوسرے مرحلے میں جناب مودی کنیڈا کے وزیراعظم Mark Carney کی دعوت پر جی-7 سربراہ اجلاس میں شرکت کرنے کیلئے 16 جون کو کینیڈا میں Kananaskis کا دورہ کریں گے۔ جی-7 سربراہ اجلاس میں وزیراعظم

کی یہ لگاتار چھٹی مرتبہ شرکت ہوگی۔ وزیراعظم سربراہ اجلاس سے الگ کئی باہمی میٹنگیں بھی کریں گے۔ اپنے دورے کے آخری مرحلے میں وزیراعظم مودی 18 جون کو کروشیا کا سرکاری دورہ کریں گے۔ کسی بھارتی وزیراعظم کا کروشیا کا یہ پہلا دورہ ہوگا، جو باہمی تعلقات میں ایک اہم سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے۔ کروشیا کے اس دورے سے یوروپی یونین میں شرکاء کے ساتھ مصروفیات کو مزید مستحکم کرنے کے بھارت کے عہد کی بھی عکاسی ہوگی۔x

## AI-CRASH COMMITTEE

سرکار نے احمد آباد ہوائی حادثے کی چھان بین کیلئے متعدد ماہرین پر مشتمل اعلیٰ سطح کی ایک کمیٹی قائم کی ہے۔ حادثے میں 254 افراد کی جانیں تلف ہوگئی تھیں۔ یہ حادثہ جمعرات کو پیش آیا تھا، جبکہ ایئر انڈیا کی پرواز AI-171 احمد آباد سے لندن کیلئے روانہ ہوئی تھی۔ شہری ہوابازی کی وزارت نے، ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا ہے کہ یہ کمیٹی پروازیں چلائے جانے کے موجودہ معیاری طریقِ کار اور اُن رہنماء خطوط کی جانچ کرے گی، جو اس طرح کی اچانک صورتحال کی روک تھام اور اِس سے نمٹنے کے لیے جاری کی گئی تھیں۔ یہ کمیٹی مستقبل میں اِس طرح کے حادثات سے نمٹنے کے لیے جامع رہنماء خطوط بھی تجویز کرے گی۔ x

## GUJRAT-PLANE CRASH

گجرات کے امورِ داخلہ کے وزیرِ مملکت ہرش سنگھوی نے گاندھی نگر میں گجرات Forensic سائنس ماہرین کے ساتھ ایک جائزہ میٹنگ کی ہے۔ میٹنگ میں وزیرِ موصوف نے DNA ٹسٹ کے جانچ کے عمل کا جائزہ لیا۔ میٹنگ میں امورِ داخلہ کے سکریٹری ، محکمۂ خفیہ کے انسپکٹر جنرل پولیس اور FSL کے ڈائریکٹر بھی موجود تھے۔ نامہ نگاروں سے گفتگو کرتے ہوئے، وزیرِ موصوف نے کہا کہ DNA کی میچنگ کے کام میں تیزی لانے کیلئے چھتیس ماہرین رات دن کام کررہے ہیں۔ جناب سنگھوی نے کہا کہ مرکز نے بھی اِس ٹیم کی مدد کیلئے فارینسک ماہرین کی ایک ٹیم بھیجی ہے۔

وزیرِ موصوف گاندھی نگر میں نیشنل فارینسک سائنس یونیورسٹی بھی گئے۔ بعد میں وزیرِ موصوف ، پولیس کے اعلیٰ افسروں کے ساتھ حادثے کی جگہ بھی جائیں گے۔ اِسی دوران ہوائی حادثے کی جانچ جاری ہے اور چھان بین کے اِس کام میں کئی ایجنسیاں بھی شامل ہوگئی ہیں۔ ہوائی جہاز میں سوار 241 افراد اور میڈیکل کے طلباء سمیت حادثے میں کم سے کم 254 افراد کی جانیں تلف ہوئی ہیں۔ x

## KAILASH MANSAROVAR YATRA

سکم میں کیلاش مانسرووَر یاترا کیلئے یاتریوں کا پہلا جتھا کل گینگٹوک پہنچے گا۔ سکم حکومت نے اُن کا خیر مقدم کرنے کیلئے

سبھی انتظامات کئے ہیں۔ کیلاش مانسرور یاترا پانچ سال کے وقفے کے بعد اس مہینے کی 20 تاریخ سے شروع ہوگی۔ آ کاشوانی کے نامہ نگار سے بات کرتے ہوئے سیاحت اور شہری ہوا بازی کے محکمے کے ایڈیشنل چیف سکریٹری سی ایس راؤ نے بتایا کہ سرکاری اہلکاروں کے ساتھ ساتھ 35 یاتریوں پر مشتمل گروپ کا پہلا جتھا گل پہنچے گا۔ یہ گروپ ہم آہنگی کیلئے چار دن تک Sherathang سے 15 میل کے فاصلے پر ٹھہرے گا۔ اس مدت کے دوران دفاع اور حکومت کے سینئر حکام انہیں تفصیلات سے آگاہ کریں گے۔

اس مہینے کی 20 تاریخ کو وزیراعلیٰ پریم سنگھ تمانگ ناتھولا میں یاترا کو جھنڈی دکھا کر روانہ کریں گے۔ جناب راؤ نے بتایا کہ یاترا کے مقام پر سبھی طبی اور دیگر ضروری سازوسامان فراہم کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ریاستی اور مرکزی حکومت کی مختلف ایجنسیاں اس عمل میں شامل ہورہی ہیں۔ ہر جتھا 11 سے 12 دن میں یاترا مکمل کرے گا۔ اس یاترا میں کُل 10 جتھے ہوں گے، جو اس سال ناتھولا کے راستے کیلاش مانسروَر یاترا کیلئے جائیں گے۔

**YOGA CONNECT-SUMMIT**

آیوش کے وزیر پرتاپ راؤ جادھو نے آج کہا ہے کہ یوگ عالمی فلاح وبہبود کیلئے بھارت کی آرزو کی نمائندگی کرتا ہے۔ نئی دلّی میں گلوبل یوگ سمّٹ - یوگ کنیکٹ میں اظہار خیال کرتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ دنیا بھر میں فی الحال انسانیت کو مختلف چیلنج درپیش ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ یوگ عالمی اَمن کیلئے دنیا کو بھارت کی وراثت کا ایک تحفہ ہے۔

وزیر موصوف نے کہا کہ یوگ نے مذہب، جنس اور زبان کی بندشوں کو توڑ دیا ہے اور یہ بچوں سے لے کر معمر افراد تک، سب کیلئے قابل رسائی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری اداروں کے جائزے کے مطابق گزشتہ دہائی میں 33 فیصد افراد یوگ کی بین الاقوامی تقریب میں شامل ہوئے ہیں۔ اس موقع پر ثقافت اور سیاحت کے وزیر گجیندر سنگھ شخاوت، یوگ گرو رام دیو اور دیگر سرکردہ شخصیات بھی موجود تھیں۔×

**HYDERABAD-AIR FORCE PRADE**

بھارتی فضائیہ کے سربراہ ایئر چیف مارشل اے پی سنگھ نے کہا ہے کہ پہلگام دہشت گردانہ حملے کے بعد شروع کیا گیا آپریشن سندور بھارتی فضائیہ کی بے مثال بہادری کا ایک جیتا جاگتا ثبوت ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس آپریشن سے IAF's کی دشمن کے خلاف تیز تر، مناسب اور فیصلہ کن کارروائی کی صلاحیت کی عکاسی ہوئی ہے۔ آج حیدرآباد کے نزدیک Dundigal کے مقام پر ایئرفورس اکادمی میں کمبائنڈ گریجویشن پریڈ سے خطاب کرتے ہوئے جناب سنگھ نے کہا کہ آپریشن سندور نے مسلح فورسز کے مابین بے مثال تعاون، تال میل اور مربوط حکمت عملی کا مظاہرہ کیا ہے۔×

## NIA-INVESTIGATION

قومی جانچ ایجنسی NIA نے مدھیہ پردیش اور راجستھان میں کئی جگہوں پر تلاشی لی ہے۔ یہ تلاشی دہشت گردی کی سازش کے معاملے میں لی گئی ہے، جس کا تعلق ممنوعہ تنظیم Hizb-ut-Tahrir سے ہے۔ NIA نے ایک بیان میں بتایا ہے کہ Hizb-ut-Tahrir اور اِس کے ممبروں کی سرگرمیوں کی چھان بین کے سلسلے میں بھوپال میں تین جگہوں پر اور Jhalawar میں دو جگہوں پر تلاشی لی گئی۔ تلاشی کے دوران NIA کے ٹیم کو کئی ڈیجیٹل Device ملے ہیں، جن کو قبضے میں لے لیا گیا ہے۔ NIA نے مختلف دہشت گرد اور شدت پسند گروپوں اور اُن دیگر تنظیموں کے خلاف کیس درج کیا ہے ، جو بھارت میں افراتفری اور انتشار پھیلانے کی کوشش کرتی ہیں۔ NIA کا مقصد اِس طرح کی تنظیموں کو ختم کرنا ہے اور اس معاملے کی مزید تفتیش جاری ہے۔ x

## IRAN-ISRAEL ATTACK

ایران نے، کل رات اسرائیل کے خلاف ایک جوابی حملہ کیا ہے، جس کے تحت اُس نے بقول ایران کے ''آپریشن Severe Punishment'' میں اسرائیلی شہروں پر سینکڑوں میزائلوں اور ڈرون سے حملے کیے ہیں۔ خبروں میں کہا گیا ہے کہ ایران نے یروشلم اور تل ابیب پر میزائل داغے ۔ اسرائیل کی ایمرجنسی سروس کے مطابق Rishon Lezion میں ایک گھر کے پاس ایران کا میزائل داغے جانے کی وجہ سے ایک شخص ہلاک اور 20 سے زیادہ زخمی ہوگئے۔ اِسی دوران امریکی ذرائع ابلاغ نے خبردی ہے کہ امریکہ کے فضائی دفاعی نظام اور بحریہ نے ایرانی میزائلوں کو روکنے اور انہیں ناکام بنانے کیلئے اسرائیل کی مدد کی تھی۔

دوسری طرف اسرائیل میں بھارت کے سفارتخانے نے اسرائیل میں موجود ہندوستانی باشندوں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ چاق و چوبند رہیں اور خطے کے حالات کے پیشِ نظر اسرائیل کے حکام کی طرف سے احتیاطی اقدامات کیلئے جاری کی جانے والی ہدایات پر عمل کریں۔ ملک میں غیر ضروری سفر نہ کریں۔ کسی بھی ہنگامی صورتحال میں ہندوستانی باشندے کسی بھی وقت اِن نمبروں پر رابطہ قائم کرسکتے ہیں۔ 11 07 752-54 972 + اور دوسرا نمبر یہ ہے : 92 83 327-54 972+

ضرورت پڑنے پر Cons1.telaviv@mea.gov.in سے بھی رابطہ قائم کیا جاسکتا ہے۔ x

## MEA-IRAN

وزارتِ خارجہ نے کہا ہے کہ ایران میں موجود بھارتی باشندے اور بھارت نژاد افراد ضرورت پڑنے پر ایران میں بھارت کے سفارتخانے سے ایمرجنسی نمبروں پر رابطہ قائم کرسکتے ہیں۔ نمبر اِس طرح ہیں :

9115 2810 91 98 + اور ایک اور نمبر یہ ہے : 9109 2810 91 98 +

اِس سے پہلے ایران کے موجودہ حالات کے پیشِ نظر سفارتخانے نے تمام ہندوستانیوں کو یہ مشورہ دیا تھا کہ وہ چوکس رہیں ، غیر ضروری سفر نہ کریں ، سفارتخانے کے سوشل میڈیا اکاؤنٹ پر نظر رکھیں اور مقامی حکام کی ہدایت کے مطابق احتیاطی اقدامات پر عمل کریں۔ x

**US-IRAN NUCLEAR TALK**

ایران اُس گفتگو سے الگ ہوگیا ہے، جو واشنگٹن اور تہران کے درمیان ایٹمی معاملے پر ہورہی تھی۔ ایران نے کہا ہے کہ امریکہ کے ساتھ بات چیت ختم ہوگئی ہے کیونکہ اسرائیل کے شدید فوجی حملے کے بعد تہران کے ایٹمی پروگرام کا کوئی مطلب نہیں رہا ہے۔ ایران کی وزارتِ خارجہ کے ترجمان نے کہا ہے کہ بات چیت اور اسرئیل کو ایران کے علاقے کو نشانہ بنانے کی اجازت دینا ایک ساتھ نہیں چل سکتے۔ اِس سے پہلے ایران نے الزام لگایا تھا کہ اسرائیل نے امریکہ کی ملی بھگت سے یہ حملہ کیا ہے، جبکہ امریکہ نے اِس الزام کو غلط قرار دیا تھا۔x

**ISSF-SHOOTING**

شوٹنگ میں بھارت کی سروچی سنگھ نے، جرمنی کے شہر میونخ میں ISSF ورلڈ کپ کے خواتین کے 10 میٹر ایئر پسٹل فائنل میں سونے کا تمغہ جیتا ہے۔ سروچی مقابلے کے دوران میدان میں چھائی رہیں اور انہوں نے کُل سنسنی خیز فائنل میں ISSF عالمی کپ میں لگاتار انفرادی طور پر تیسری بار سونے کا تمغہ جیتا ہے۔ چین تمغے حاصل کرنے میں سرفہرست ہے۔ وہ اب تک سونے کے تین اور کانسے کے دو تمغے جیت چکا ہے۔ تمغے حاصل کرنے میں ناروے دوسرے نمبر پر ہے۔ x

**SA-AUSTRALIA TEST**

جنوبی افریقہ کی ٹیم نے لارڈس کے میدان میں آسٹریلیا کے خلاف تیسرے دن کے کھیل کے دوران اپنی برتری قائم رکھی اور عالمی ٹیسٹ چمپئن شپ 2025 کے فائنل کے قریب پہنچ گئی ہے۔ ٹیم کو عالمی ٹیسٹ چمپئن شپ میں جیت کیلئے 69 رن کی ضرورت ہے اور اُس کی 8 وکٹیں ابھی بھی باقی ہیں۔ 282 رن کے ہدف کے حصول کیلئے جنوبی افریقہ نے تیسرے دن کا کھیل ختم ہونے تک 2 وکٹ پر 213 رن بنالئے تھے۔ Aiden Markram بغیر آؤٹ ہوئے 102 رن بنا کر، جبکہ کپتان Temba Bavuma، 65 رن پر کھیل رہے ہیں۔x

**LA-US MARINES**

امریکہ کے دوسرے سب سے بڑے شہر لاس اینجلس میں ایک وفاقی عمارت کی حفاظت کیلئے لگ بھگ 200 امریکی فوجی

تعینات کئے گئے ہیں۔ فوج نے بتایا ہے کہ شہر میں تارکینِ وطن کے خلاف چھاپوں کی کارروائی پر ایک ہفتے سے جاری احتجاج کے بعد یہ قدم اٹھایا گیا ہے۔ کچھ فوجیوں کو لاس اینجلس کے علاقے میں **Wilshire Federal** بلڈنگ کے باہر حفاظت کیلئے تعینات کیا گیا ہے۔ اِس **17** منزلہ عمارت میں لاس اینجلس کے بہت سے وفاقی دفاتر ہیں، جن میں **FBI** کا دفتر بھی شامل ہے۔ **x**

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆